سوال

سافٹ ویئر کا مفت استعمال

جواب

سوفٹ وئیرز کا مفت استعمال۔ ؟السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ انٹر نیٹ سے سافٹ ویئر ڈاؤن لوڈ کر کے اس کا رجسٹریشن کوڈ مفت نیٹ سے ڈھونڈ کر سافٹ ویئر کو چلانا کیا ناجائز ہے ؟کئی لوگوں نے اپنے بلاگ یا ویب سائٹس پر سافٹ وئیرز کے کوڈ دئیے ہوتے ہیں یہ پتہ نہیں چلتا کہ انہوں نے بھی یہ خرید کر آگے شئیر کئے ہیں یا ویسے ہی ڈھونڈے ہیں ؟ کیا ایسی صورت میں سافٹ وئیر کا استعمال ناجائز ہے یا جائز ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر تو کسی کمپنی نے فری سوفٹ وئیر مہیا کئے ہوئے ہوں تو ان کو ڈاون لوڈ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور اگر نہیں ہے تو پھر ناجائز ہے۔ کیونکہ یہ ان کے مال کی چوری ہے جو کسی بھی صورت میں جائز نہیں ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی